سوال

(306) ملازمت کرنے والے آدمی کا قصر کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کسی جگہ پر ملازمت کرتا ہے دو تین ہفتے یا ایک مہینہ کے بعد اپنے گھر جاتا ہے جو کافی دور ہے تو وہ ملازمت والی جگہ پر قصر کرے یا اپنے گھر ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا آدمی نہ تو گھر قصر کر سکتا ہے اور نہ ہی ملازمت والی جگہ پر قصر کر سکتا ہے گھر تو اس لیے قصر نہیں کر سکتا کہ وہاں وہ مقیم ہے مسافر نہیں اور ملازمت والی جگہ اس لیے قصر نہیں کر سکتا کہ وہاں اس نے ارادہ بنا کر چار دن سے زیادہ رہنا ہے ہاں ایسا آدمی جائے ملازمت اور گھر کے درمیان راستے میں قصر کر سکتا ہے بشرطیکہ یہ مسافت ۲۳ کلومیٹر یا اس سے زائد ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 236

محدث فتویٰ